محنت سے گریز اور سہولت پسندی کے اس دور میں، علمی و تحقیقی اعتبار سے معیاری مقالات کا حصول آسان نہیں۔ زیرنظر مجلّے کے ۵، اُردو ۳، انگریزی اور ۲ عربی مقالات مجموعی اعتبار سے اطمینان بخش حد تک معیاری ہیں، جس پر جہات الاسلام کے مدیر، تحسین کے مستحق ہیں۔ موضوعاتِ تحقیق سب بہت مناسب اور اچھے ہیں، مثلاً: 'وحی اور اس کی کیفیتِ نزول' (بعض اعتراضات کا جائزہ)، یا 'صحابہ کرامؓ کے اسالیبِ اجتہاد'یا، 'نبوتِ محمدیؐ کی آفاقیت'، اسی طرح 'غیرمسلم معاشرے میں مسلمانوں کے مسائل اور اُن کا حل' وغیرہ۔ البتہ مؤخرالذکر مضمون علمی اور تحقیقی نہیں ہے، دل چسپ اور معلومات افزا ضرور ہے۔ ایک طرح کی معلوماتی رپورٹ ہے۔

مضامین کی زبان و بیان کو قدرے آسان بنانے کی ضرورت ہے۔ 'صحابہ کرامؓ کے اسالیب اجتہاد' میں مقالہ نگار کا خطاب اس عام مسلمان سے ہے جس سے اُن کا مطالبہ ہے کہ وہ اپنی زندگی میں انفرادی طور پر بھی اجتہاد کرے لیکن اس مضمون میں عام قاری کے لیے زبان و بیان بہت اَدق ہے۔ مثلاً چند عنوانات ہی دیکھیے: 'روح تشریع کے ادراک سے غیرمنصوص حکم کی تلاش' (ص ۳۷)، 'متحمل الوجوہ نص کی کسی ایک وجوہ کا تعیّن'، یا 'نص کی عدم موجودگی میں عمومات و کلیات سے استدلال' (ص ۷۷)، 'عام مسلمان' (ص ۶۴) کے لیے اس طرح کی گاڑھی زبان سمجھنا اور استفادہ کرنا بہت مشکل ہے۔

یہ امر خوش آیند ہے کہ چند مضامین میں آیاتِ قرآنی پر اِعراب کا اہتمام کیا گیا ہے لیکن بعض مضامین میں آیات قرآنی بلااعراب چھوڑ دی گئی ہیں۔ ہمارے خیال میں ایک تحقیقی مجلّے میں نہ صرف قرآنی بلکہ حدیث نبویؐ اور جملہ نوعیت کی عربی، عبارات و اشعار وغیرہ پر اِعراب کا اہتمام ضروری ہے۔ یہ شمارہ جولائی تا دسمبر ۲۰۰۸ء کا ہے، ہم یہ بھی توقع رکھتے ہیں کہ پرچہ بروقت شائع کرنے کے لیے مجلس خصوصی توجہ، بلکہ جدوجہد سے دریغ نہیں کرے گی۔ (ر-ہ)

100-Minutes with The Quran، [قرآن کے ساتھ ۱۰۰ منٹ]، عبدالرشید صدیقی۔ ناشر: ہنڈرڈ منٹس پریس، کینٹر بری، برطانیہ۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت: ۵ برطانوی پونڈ۔

بائبل، بدھا اور تورات کے ساتھ ۱۰۰، ۱۰۰ منٹ کے بعد، اب اسی ناشر نے 'قرآن کے ساتھ ۱۰۰ منٹ' شائع کی ہے۔ یہ قرآن سے مختلف آیات کا انتخاب ہے۔ اُردو میں اس طرح کے کئی